Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | عید المبارک، یکم نومبر 2024ء ، 28 ربیع الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 206

سموگ ازدھا خاتمے میں کئی سال لگیں گے، مریم نواز

سپر سیڈر کسانوں کیلئے بڑا منصوبہ، فصلوں کی باقیات جلانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، کسان کارڈ نے کاشتکاروں کو آڑھتیوں کی بلیک میلنگ سے بچالیا

روہاہ میں روٹاویٹر، ہارویسٹر، آلو لگانے والی مشین سمیت جدید آلات کسانوں کو فراہم کریں گے، ترقی کی راہ میں (ن) لیگ کا کوئی عالی نہیں، الزامات لگانے والوں کی کارکردگی کچھ نہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کا خطاب

دوحہ: وزیراعظم شہباز شریف وفد کے ہمراہ امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کر رہے ہیں

کالشاہ کاکو (ڈائریکٹر نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سموگ کو اژدھا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سموگ ختم کرنا ایک رات، ماہ یا سال کا کام نہیں، کئی سال لگیں گے، ہماری پنجاب میں اقدامات سے فضاء بہتر ہوئی، سپر سیڈر کسانوں کیلئے بڑا منصوبہ، فصلوں کی باقیات جلانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، کسان کارڈ نے کاشتکاروں کو آڑھتیوں کی بلیک میلنگ سے بچالیا، وہ ماہ میں روٹاویٹر، ہارویسٹر، آلو (بقیہ نمبر 1)

ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کا تبادلہ

پیجل دفتر میں الوداعی پارٹی، سی پی او راولپنڈی کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ

آر پی او نے سرفراز الپا نے بہترین خدمات کے صلہ میں اعزازی شیلڈ دی

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کے چکوال سے تبادلہ ہونے پر ریجنل دفتر میں الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے سابقہ ڈی پی او چکوال (بقیہ نمبر 2)

2 ماہ کیلئے سی این جی اسٹیشنز بند کرنے کا فیصلہ

فیصلہ قدرتی گیس کے گھریلو صارفین کو موسم سرما میں مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے کیا گیا

لاہور (این این آئی) سخت سردی کے سیب بلک بھر میں 2 ماہ کے لیے سی این جی اسٹیشنز بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، دسمبر اور جنوری کے سخت سردی والے 2 مہینوں میں ملک بھر میں سی این جی اسٹیشن بند کر دیئے (بقیہ نمبر 5)

8 اعلیٰ پولیس افسران کے تقرر و تبادلے

ڈی پی او منڈی بہاؤالدین احمد محی الدین کو ڈی پی او چکوال تعینات کر دیا گیا، ڈی پی او منڈی بہاؤالدین احمد محی الدین کو ڈی پی او راولپنڈی (ریجنل پولیس آفیسر) تعینات کر دیا گیا، ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ڈی پی او منڈی بہاؤالدین احمد محی الدین کو ڈی پی او اٹک تعینات کر دیا گیا، دیگر اعلیٰ پولیس افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے (بقیہ نمبر 4)

رائیونڈ تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ شروع

پہلے مرحلے میں لاہور، پشاور، ملتان اور کوئٹہ کے علاوہ بیرون ملک سے لاکھوں مندوبین شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور کے نواحی قصبے رائے ونڈ میں عالمی تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے کا آج سے آغاز ہو گیا، اجتماع 3 نومبر تک 8 بجے اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گا۔ رائے ونڈ کے عالمی تبلیغی اجتماع کے منتظمین کے مطابق (بقیہ نمبر 3)

ہم نے پاکستان اور قطر کے درمیان دوستی اور بھائی چارے کے مضبوط بندھن کا اعادہ کیا، وزیراعظم

امیر قطر سے انتہائی مفید ملاقات

وزیراعظم کی قطری ہم منصب شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی سے ملاقات، شہباز شریف کی غزہ تنازع کے حل، عوام کے مصائب کو کم کرنے کیلئے قطر کے انسانی ہمدردی کے اقدامات وسفارتی کوششوں کی تعریف

قطری وزیراعظم کا افغانستان سمیت خطے میں امن کے فروغ کیلئے پاکستان کیساتھ ملکر کام کرنے کے عزم کا اظہار، قطری سرمایہ کاروں کو پاکستان کے متنوع اقتصادی شعبوں بشمول زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سیاحت میں سرمایہ کاری کی دعوت

دوحہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے دوحہ میں قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی سے ملاقات کی، وزیراعظم نے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں قطر کے تعاون کو سراہا اور ملک کے درمیان اقتصادی تعلقات میں مزید تعاون کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں قریبی مسلسل تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ وزیراعظم نے دونوں حکام کیساتھ باہمی دلچسپی کے اہم علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالشاہ کاکو میں سپر سیڈر کا معائنہ کر رہی ہیں

پہاڑ کے گڑھے میں پھنسے بارہ سالہ لڑکے کو ستر گھنٹے بعد نکال لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی تحصیل کہوٹہ کے پہاڑ کے گڑھے میں پھنسے بارہ سالہ لڑکے کو ستر گھنٹے بعد نکال لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پہاڑ کے گڑھے میں (بقیہ نمبر 7)

پارا چنار ٹل مین شاہراہ ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند

اشیا خورد و نوش، ایل پی جی، فیول، میڈیسن اور دیگر چیزوں کا ذخیرہ ختم ہو گیا

راولپنڈی (این این آئی) پارا چنار ٹل مین شاہراہ ہر چیزوں کا ذخیرہ ختم ہو گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی عدم دستیابی کے باعث نجی ادارے بھی (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ پنجاب: صحافیوں کو پلاٹ فراہم دینے کا فیصلہ

مریم نواز کا وزارت اطلاعات و جرنلسٹ کالونی لاہور فیز ٹو کیلئے فوری اقدامات کرنے اور تمام قانونی امور جلد پورے کرنے کا حکم

لاہور پریس کلب کے علاوہ دیگر لاہور کے صحافیوں سے درخواستیں طلب کر دینا فیصلہ، اگلے دو تین روز میں باقاعدہ اشتہار جاری کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وزارت اطلاعات و جرنلسٹ کالونی لاہور فیز ٹو کے لئے فوری اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے صحافیوں کو پلاٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزارت اطلاعات کو جرنلسٹ کالونی لاہور فیز ٹو کے تاریخی اقدام کرتے ہوئے 3200 صحافیوں کو پلاٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزارت اطلاعات و ثقافت کے زاہد بخاری سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صحافی برادری کے لئے بہتر مستقبل کی نوید سنائی، تمام شہریوں کو یکساں حقوق دینے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والے ایاز صادق نے بھرپور برادری کو دیوالی کی مبارکباد (بقیہ نمبر 3)

دوحہ: وزیراعظم شہباز شریف امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

پاکستان میں بسنے والے تمام شہریوں کو یکساں حقوق و تحفظ حاصل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والے تمام شہریوں کو یکساں (بقیہ نمبر 3)

قصور: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگان ڈسٹرکٹ کوآپریٹو کنٹرول بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکا میں سزا یافتہ فرد صرف رحم کی اپیل کر سکتا ہے

ترجمان دفتر خارجہ زہرہ بلوچ کا عافیہ سے متعلق سوال پر جواب

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا کیس ہمارا ہے لیکن ایک سزا یافتہ فرد صرف رحم کی اپیل (بقیہ نمبر 24)

ایم ڈی سوئی ناردرن گیس کا لاہور ریجن کے ماڈل کسٹمر سروسز سینٹر کا دورہ

وہاں کے آپریٹرز اور صارفین کی خدمت کی استعداد کار کو بڑھانے کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا بغور جائزہ لیا

ایڈیف چیف کنٹرول پروجیکٹ کے پہلے مرحلے میں دس لاکھ صارفین کو فراہم کی جانے والی گیس کے 548 بلی ایس پر میٹرنگ سسٹم نصب کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی ایل) کے منیجنگ ڈائریکٹر، عامر شکیل نے لاہور ریجن کا دورہ کیا تاکہ ادارہ آپریشنل معاملات اور کسٹمر سروس کی بہتر حکمت عملی کا جائزہ لیا جا سکے۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے ماڈل کسٹمر سروس سینٹر کا معائنہ کیا اور وہاں کے آپریٹرز اور صارفین کی خدمت کی استعداد کار کو بڑھانے کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر لاہور ریجن (ایسٹ اور ویسٹ) کے جنرل منیجرز نے سینٹیمک ڈائریکٹر کو ریجن کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ مزید برآں TBS ٹون پارٹ (انٹیجن) کی کارکردگی اور لیوالیف بی کنٹرول کرنے کے اقدامات پر بریفنگ دی (بقیہ نمبر 6)

لاہور، منیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس لاہور ریجن کے ماڈل کسٹمر سروسز سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

اکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں مزید توسیع نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) مالی سال 2024ء کیلئے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں فی الحال مزید توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تاریخ میں توسیع نہ ہونے پر انفرادی طور پر ریٹرن فائل کرنے کیلئے درخواست دی جا سکتی ہے، ٹیکس ہیئر انفرادی طور پر درخواست (بقیہ نمبر 7)

سائیکالوجیکل ورکشاپ کا انعقاد جاری رکھا جائیگا

اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران کی کارکردگی اور ذہنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کیلئے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں سائیکالوجیکل ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ کا مقصد ٹریفک پولیس افسران کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور درپیش مسائل کو حل کرنا ہے، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور درپیش صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز ڈیفنس آفاہ میں سائیکالوجیکل ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ کا مقصد ٹریفک پولیس افسران کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور درپیش مسائل کو حل کرنا ہے تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور ذہنی صلاحیتوں کو بہتر استعداد کار کو بڑھانے کے لئے ریفریشر یونیورسٹی کے شعبہ کلینیکل اینڈ پریکٹیکل (بقیہ نمبر 10)

محسن نقوی سے 44 رکنی سکھ یاتریوں کے وفد کی ملاقات

سکھ یاتریوں کیلئے پاکستان ویزہ فیس نہیں ہوگی، اگلے سال کرکٹ چیمپئن ٹرافی میں بھارتیوں کیلئے پیشکش کو ٹھکرا گیا ہے

فری آن لائن ویزا ہونے سے بہت سہولت ملی، ہم پاکستان میں سرمایہ کاری میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں، سکھ یاتریوں کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سکھ یاتریوں کیلئے پاکستان کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں، سکھ کمیونٹی کے وفود کو صحت مند ماحول میں کھلے دل سے خوش آمدید کہتے ہیں، سکھ یاتریوں کے مسائل حل کر دیئے ہیں، سکھ یاتریوں کیلئے پاکستان ویزہ فیس نہیں ہوگی، اگلے سال کرکٹ چیمپئن ٹرافی میں بھارتیوں کیلئے پیشکش کو رد کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھارت کے دورہ امریکہ سے آنے والے 44 رکنی سکھ یاتریوں (بقیہ نمبر 1253)

ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کا تبادلہ

پیجل دفتر میں الوداعی پارٹی، سی پی او راولپنڈی کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ

آر پی او نے سرفراز الپا نے بہترین خدمات کے صلہ میں اعزازی شیلڈ دی

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کے چکوال سے تبادلہ ہونے پر ریجنل دفتر میں الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے سابقہ ڈی پی او چکوال (بقیہ نمبر 2)

66 روز کے دوران 1291 ان فٹ ڈکیاں بند کر دی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او اسد خالد رمضانی کی ہدایت کے مطابق بلیک سپوٹ گالیوں کی نشاندہی، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سی پی او اسد خالد رمضانی نے بتایا کہ 66 روز کے دوران 1291 ان فٹ گالیاں بند کر دی گئیں (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے ہمراہ قطر میوزیم میں مشترکہ گیلری کا دورہ کر رہے ہیں

ملزمان کو پناہ دینے اور فرار ہونے میں مدد فراہم کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزمان کو پناہ دینے اور فرار ہونے میں مدد فراہم کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان عدنان اور فہید کو گرفتاری کے لیے ریڈ کیا، ریڈ کے دوران ملزمان (بقیہ نمبر 3)

قتل کے مقدمے میں نامزد ملزمان 24 گھنٹے میں گرفتار

ملزمان کی فائرنگ سے انعام اللہ آبزگ قتل اور دو بھائی زخمی ہو گئے تھے

ڈسکہ رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈسکہ پولیس کی شاندار کارکردگی کیس کے مقدمے میں نامزد ملزمان 24 گھنٹے کی قلیل مدت میں گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او ڈسکہ انسپکٹر سلیم سراج سموں نے پولیس اسٹاف کے ہمراہ مسلسل تگ و دو اور چھاپہ مار کارروائیاں کرتے ہوئے انعام اللہ آبزگ قتل مقدمے میں نامزد تین ملزمان سلطان آبزگ (بقیہ نمبر 6)

ڈی پی او جہلم کا ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

پنڈ دادنخان کچہری میں شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائیاں کرنے کا حکم

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری پنڈ دادنخان کچہری میں شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائیاں کرنے کا حکم کھوڑہ میں قبضہ مافیا کے ملزمان گرفتار کرنے پر ٹیم نمبر نے ایس ایچ او اور علیہ عثمان تصدق اور ڈی پی او جہلم کا شکریہ ادا کیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں غیر ملکی وفد سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

بنوں میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 8 خوارج ہلاک

پاک فوج کے میجر سمیت 3 شہید

سکیورٹی فورسز نے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر بنوں کے علاقے پکا خیل میں آپریشن کیا، جس کے دوران فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا

فورسز قوم کے مشاہد بلند بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں، ترجمان پاک فوج

بنوں (ڈائریکٹر ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 8 خوارج ہلاک اور 7 زخمی ہو گئے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے میجر اور دو فوجی جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے ترجمان کے مطابق پکا خیل میں آپریشن کیا، جس کے دوران فائرنگ کا (بقیہ نمبر 8)

گورنر پنجاب مردان سلیم حیدر خان سے اینٹیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

شہری قتل کر نیوالے مجرم شاہنواز کو عمر قید، 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی میڈیا پولیسنگ کے باعث شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے مجرم شاہنواز کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم شاہنواز نے زمین تنازعہ پر فائرنگ کر کے نعمان کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے سزا سنا دی، مجرم شاہ نواز کو عمر (بقیہ نمبر 9)

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے نئے سیکرٹری اور ایگزیکٹیو آفیسر تعینات

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے اسٹاف افسر بھی جلد تعینات ہونے کا امکان ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنا ہائیکورٹ بار ایسوسیشن سیکرٹری محمد یاسین کو گریڈ 21 میں (بقیہ نمبر 8)

دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے پوری قوم متحد ہے

وزیراعلیٰ مریم نواز کا سیمیر سمیت 3 جوانوں کی شہادت پر خراج عقیدت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بنوں میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں میجر سمیت 3 جوانوں کی شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بنوں میں آپریشن میں 8 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر (بقیہ نمبر 9)

نارووال سول ڈیفنس کے ہم اسپیڈل سکواڈ کا ایک رکھوال سے برآمد ہونے والے مائن کو ناکارہ بنا رہا ہے

ایمان مزاری شوہر سمیت ایک اور مشکل میں پھنس گئیں، نیا مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) ایڈووکیٹ ایمان مزاری شوہر سمیت ایک اور مشکل پھنس گئیں، پولیس نے ایمان مزاری اور ان کے شوہر کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی کیخلاف مقدمہ سائبر (بقیہ نمبر 7)

3 سالہ بچہ ٹیوب ویل کے 800 فٹ گہرے بور میں گر گیا

چکوال (این این آئی) چکوال کے علاقے انڑکی کاریز میں 3 سال کا بچہ ٹیوب ویل کے 800 فٹ گہرے بور میں گر گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق زیر تعمیر گھر کے چوکیدار کا 3 سال کا بچہ رات 8 بجے سے ٹیوب ویل کے بور میں پھنسا ہوا ہے۔ حکام نے بتایا کہ رات (بقیہ نمبر 29)

آئی جی کی زیر صدارت کرائم کنٹرول کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس

جرائم کے انسداد، جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے عدالت کی کردہ احکامات پر عمل درآمد کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت کرائم کنٹرول کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں آئی جی اسلام آباد نے جرائم انہیں تعلیمی جرائم، مٹریف (بقیہ نمبر 2)

ڈی جی فواد عامر چوہدری کی کھلی کچہری

سائیکل کے پاکستان ریونیو مسائل سنے

فواد عامر چوہدری نے شکایت پر سائل کی پیشی کا مسئلہ 18 منٹ کے اندر حل کروا دیا

کھلی کچہری کا مقصد سائلین کی شکایات کا ازالہ کرنا اور انہیں فوری ریلیف فراہم کرنا ہے، ڈی جی آر

ڈائریکٹر جنرل پاکستان ریونیو لاہور فواد عامر چوہدری کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

لاہور (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل پاکستان ریونیو لاہور فواد عامر چوہدری نے جمعرات کو ڈی جی آرمی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں انہوں نے سائلین کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کئے۔ ایک سائل نے بتایا کہ انہوں کی پیشی کا مسئلہ حل نہیں ہوا جس پر فواد عامر چوہدری نے فوری احکامات جاری کئے اور 18 منٹ کے اندر ان کا مسئلہ حل کروا دیا جس پر سائل نے انہیں دعائیں دیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی جی آر نے کہا کہ کھلی کچہری کا انعقاد ہر 15 روز بعد ریونیو آفس میں کیا جاتا ہے اس کھلی کچہری کا مقصد سائلین کی شکایات کا (بقیہ نمبر 4)

اعظم سواتی اور ایمان مزاری کا جسمانی ریمانڈ کا لعدم قرار

نظم سواتی کو آج انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا جائے، جسٹس میاں گل حسن

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 8 مقدمات میں گرفتار اعظم سواتی اور کار سرکار میں مداخلت اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار ایمان مزاری اور ان کے شوہر کے جسمانی ریمانڈ کو کالعدم قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت نے اعظم سواتی (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، کھوڈ پولیس کی کارروائی

مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کھوڈ پولیس نے کار سرکار میں مداخلت اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کھوڈ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار سرکار میں مداخلت اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب (بقیہ نمبر 30)

خیبر پختونخوا میں طلباء یونین بحال کرنے کا اعلان

ملک قرضوں میں ڈوبا ہوا ہے امیر سرمایہ کاری بحال کروں گا، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبے میں طلباء یونین بحال کرنے کا اعلان کر دیا۔ جمعرات کو پشاور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ طلباء مارے ملک کا مستقبل ہیں، اس ملک کی پہچان (بقیہ نمبر 2)

ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

فائرنگ سے ڈیم پر کام کرنے والے 5 اہلکار شہید

پنجگور میں نامعلوم افراد نے ڈیم پر کام کرنے والے اہلکاروں پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 5 اہلکار شہید جبکہ دو زخمی ہوگئے۔ ترجمان بلوچستان حکومت کا کہنا ہے کہ ڈیم کی دیکھ بھال پر مامور مقامی افراد پر فائرنگ کی گئی۔ واقعہ کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ مسلح افراد نے کمپنی کی مشینری کو نذر آتش کردیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واقعے کی مذمت کی اور دہشت گرد حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشت گرد ملکی ترقی اور صوبے کی خوشحالی کے دشمن ہیں، دہشت گرد بلوچستان کو ترقی کرتا نہیں دیکھنا چاہیے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ شرپسند عناصر کی پاکستان میں کوئی جگہ نہیں، بزدلانہ کارروائیوں سے بلوچستان کی ترقی کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتے۔ شہباز شریف نے حملے میں ملوث افراد کی نشاندہی کر کے انھیں قرار واقعی سزا دلوانے کی بھی ہدایت کی۔ ادھر خیبر پختونخوا کے ضلع اورکزئی میں مسلح افراد نے پولیوٹیم پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس اور ایف سی کی بروقت کارروائی میں تین دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ ملزموں کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔ دوسری جانب، پاکستان میں تعینات افغان ناظم الامور مولوی سردار احمد شکیب نے کہا ہے کہ کچھ عناصر پاکستان میں دراندازی کرتے ہیں، لیکن یہ ہماری پالیسی نہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان رابطے کے چینلز موجود ہیں تاہم اس وقت کوئی اعلیٰ سطح پر بات چیت جاری نہیں۔ افغان ناظم الامور نے کہا کہ پاکستان کو شاید کچھ شکایات ہیں مگر ہمیں علم نہیں کہ امن و امان کے حوالے سے پاکستان کو کیسے رضامند کریں۔ افغان ناظم الامور جو کچھ کہہ رہے ہیں اس پر یقین کرنا مشکل اس لیے ہے کیونکہ ہماری سرزمین پر دہشت گردی افغانستان سے آئے دہشت گرد ہی کرتے ہیں۔ کابل انتظامیہ ان کے ٹھکانے ختم کرے یا اس کے لیے پاکستان کی معاونت کرے۔ دہشت گردی کا ناسور پورے خطے کا امن تباہ کر رہا ہے اور جب تک اس کا خاتمہ نہیں کیا جاتا اس وقت تک امن کا قیام ممکن نہیں ہے۔

پاکستانی سیاست میں بے صبری کا عنصر

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان کی بات کریں تو یہاں کے سیاسی منظرنامے پر اکثر اتار چڑھاؤ اور اقتدار میں تیزی سے تبدیلیاں سامنے آتی ہیں۔ اس عدم استحکام کا ایک اہم عنصر وسیع پیمانے پر بے صبری ہے جو فیصلہ سازی کو متاثر کرتی ہے اور مختلف سیاسی واقعات کے نتائج کی تشکیل کرتی ہے۔ عمران خان کا سیاسی سفر پاکستانی سیاست میں بے صبری سے وابستہ خطرات کی نشاندہی کرتا ہے۔ 2018 میں ان کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہوا، جو اصلاحات اور انسداد بدعنوانی کے وعدوں پر منحصر تھا، نے قائم شدہ سیاسی نظام کے ساتھ ان کی بے صبری کو اجاگر کیا۔ خان کی انتظامیہ نے جارحانہ طور پر اصلاحات نافذ کیں اور حزب اختلاف کے گروہوں کے خلاف محاذ آرائی کا موقف اختیار کیا، جس سے پولرائزڈ ماحول کو فروغ ملا۔ پیچیدہ حکمرانی کے مسائل کے ساتھ ان کی بے صبری اور اختلاف رائے کو مؤثر طریقے سے سنبھالنے میں ناکامی کی وجہ سے پارلیمانی اعتماد کا نقصان ہوا اور 2022 میں ان کی برطرفی ہوئی۔ یہ مثال اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ کس طرح جلد بازی میں سیاسی حربے بڑے دھچکوں اور سیاسی سرمائے کے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔

پاکستان کا انتخابی ماحول اکثر سیاسی جماعتوں اور رہنماؤں کی بے چینی کو ظاہر کرتا ہے جو فوری انتخابی فتوحات کے خواہاں ہیں۔ یہ بے صبری انہیں بڑے بڑے وعدے کرنے اور پائیدار پالیسی حل کے بجائے فوری طور پر رائے دہندگان کی منظوری اور حمایت حاصل کرنے کے لیے عوامی ہتھکنڈوں کا سہارا لینے پر مجبور کرتی ہے۔ فوری جیت پر اس طرح کی توجہ اکثر ایسی پالیسیوں کا باعث بنتی ہے جن کی جانچ پڑتال ناقص یا ناقابل عمل ہوتی ہے، جس کی وجہ سے عمل درآمد کے چیلنجز اور رائے دہندگان میں مایوسی پیدا ہوتی ہے۔ وعدے کرنے اور پورا نہ کرنے کا سلسلہ سیاسی عدم استحکام کو فروغ دیتا ہے اور جمہوری اداروں پر اعتماد کو ختم کرتا ہے۔

پاکستان میں سیاسی اتحادوں کی تشکیل اور تحلیل اکثر فوری سیاسی فائدے کے لیے رہنماؤں کی بے صبری کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اتحاد اکثر بدلتی ہوئی حرکیات اور قانون سازی یا انتخابی مقابلوں میں فوری فائدہ اٹھانے کی خواہش کی بنیاد پر بنائے اور توڑے جاتے ہیں۔ یہ قلیل مدتی اتحاد غیر مستحکم حکمرانی اور حکومت میں بار بار تبدیلیوں کا باعث بن سکتے ہیں، جس سے موثر انتظامیہ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ طویل مدتی اسٹریٹجک منصوبہ بندی کی عدم موجودگی بکھری ہوئی پالیسیوں اور کمزور ادارہ جاتی تسلسل میں معاون ہے۔

پاکستان میں میڈیا کے منظر نامے نے سیاست میں بے چینی اور بے صبری کو تیز کر دیا ہے۔ چوبیس گھنٹے کے نیوز سائیکل اور سوشل میڈیا پلیٹ فارم فوری ردعمل اور فوری فیصلوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ یہ ماحول سیاست دانوں پر دباؤ ڈالتا ہے کہ وہ بحرانوں یا تنازعات کا تیزی سے جواب دیں، جس کے نتیجے میں اکثر جلد بازی میں ایسے انتخاب ہوتے ہیں جن میں گہرائی کا فقدان ہوتا ہے۔ فوری میڈیا کوریج پر زور طویل مدتی پالیسی منصوبہ بندی اور موثر حکمرانی سے توجہ ہٹا سکتا ہے۔

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور پاکستان کے سابق وزیراعظم عمران خان کے تناظر میں یہ واضح ہے کہ انہوں نے اپنی مقبولیت کو بڑھانے اور اقتدار کو مستحکم کرنے کے لیے اپنے پورے سیاسی کیریئر میں متعدد حربے استعمال کیے ہیں۔ ان کی حکمت عملی ایک پیچیدہ سیاسی منظرنامے کے درمیان سیاست کے لیے ایک الگ نقطہ نظر کی عکاسی کرتی ہے۔ وزیراعظم کے طور پر خان کا دور بہت تنازعات کا شکار رہا۔ ان کی سیاسی حرکات اکثر بڑی قیمت پر آئیں اور خاص طور پر عوام کے اعتماد میں کمی دیکھنے میں آئی۔ مہنگائی اور بے روزگاری جیسے معاشی مسائل کے بارے میں ان کی انتظامیہ کے ناقص انتظام پر عوام اور اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے تنقید کی گئی۔ "نیا پاکستان" کے وعدے کو شکوک وشبہات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ معاشی چیلنجز برقرار رہے، جس کی وجہ سے ان کے حامیوں میں مایوسی پیدا ہوئی۔ اعتماد کے اس کٹاؤ نے ان کے سیاسی قد کاٹھ کو کم کر دیا اور عوامی حمایت کو متحرک کرنا اور برقرار رکھنا مشکل بنا دیا۔

خان کے محاذ آرائی کے انداز اور سیاسی مخالفین اور اداروں پر بار بار کے حملوں نے ممکنہ اتحادیوں کے ساتھ ان کے تعلقات کو کشیدہ کر دیا۔ اس نقطہ نظر نے مختلف سیاسی جماعتوں کو الگ تھلگ کر دیا، جس کے نتیجے میں اتحادی شراکت داروں اور وسیع تر سیاسی منظرنامے کی حمایت کم ہوگئی۔ اس طرح کی تنہائی نے اتفاق رائے پیدا کرنے اور مؤثر طریقے سے حکومت کرنے کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا کی، جس سے کلیدی قانون سازی کے ایجنڈوں اور اصلاحات کو آگے بڑھانے کی ان کی صلاحیت متاثر ہوئی۔ ان کی حکومت کو اپنی معاشی کارکردگی کے حوالے سے تنقید کا سامنا کرنا پڑا، کیونکہ وعدہ شدہ اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد ناپید رہا۔ بڑھتے ہوئے افراط زر، گرتی ہوئی کرنسی اور بیشمار قرضوں جیسے مسائل بڑے خدشات بن گئے، جس سے عوام کا اعتماد متاثر ہوا اور مہم کے وعدوں کو پورا کرنے اور طویل مدتی معاشی استحکام کے حصول کی کوششیں پیچیدہ ہوگئیں۔ بین الاقوامی اداروں اور خارجہ پالیسیوں پر خان کی سخت تنقید نے پاکستان کے سفارتی تعلقات کو کشیدہ کر دیا۔ تنازعہ کشمیر جیسے مسائل پر ان کی بیان بازی اور عالمی طاقتوں پر ان کی تنقید نے پاکستان کی بین الاقوامی حیثیت اور اسٹریٹجک شراکت داری کو فروغ دینے کی صلاحیت کو متاثر کیا۔ اس موقف کی وجہ سے اہم اتحادیوں اور بین الاقوامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تناؤ پیدا ہوا۔ مزید برآں، پاکستان کی عدلیہ اور فوج کے ساتھ خان کے مسلسل تصادم نے عدم استحکام کا تصور پیدا کیا اور ان ضروری اداروں پر اعتماد کو کمزور کیا۔ ان کی تنقید اور سیاسی چالوں نے پولرائزڈ سیاسی ماحول میں اہم کردار ادا کیا، جس سے حکمرانی اور ادارہ جاتی کام کاج پیچیدہ ہوگیا۔ اداروں کے ساتھ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تناؤ نے ان کی انتظامیہ کی تاثیر کو متاثر کیا اور سیاسی عدم استحکام کو ہوا دی۔ اپنی پارٹی کے اندر بھی خان کو اندرونی چیلنجوں اور اختلاف رائے کا سامنا کرنا پڑا۔ جیسے جیسے پارٹی حکمرانی کی پیچیدگیوں سے نبرد آزما ہوئی، پالیسی ہدایات اور انتظامی فیصلوں پر اختلاف رائے پیدا ہوا۔ پارٹی اتحاد پر اس دباؤ نے پی ٹی آئی کی ہم آہنگی اور متحدہ محاذ پیش کرنے کی صلاحیت کو متاثر کیا، جس سے بالآخر اس کی مجموعی تاثیر اور انتخابی امکانات متاثر ہوئے۔

خان کے نقطہ نظر کا ایک اہم عنصر ان کی بے صبری ہے۔ وہ کسی بھی جائز یا ناجائز طریقے سے اقتدار اور حکمرانی چاہتے ہیں، جس میں موثر قیادت کے لیے ان میں صبر کی کمی واضح ہوتی ہے۔ اپنے پورے سیاسی کیریئر میں انہوں نے اکثر اصولوں کی قیمت پر اقتدار کے لیے خواہش۔ اور بے صبری کا مظاہرہ کیا ہے۔ سائفر ڈرامہ اور آئی ایم ایف کے ساتھ ان کی خط و کتابت جیسے واقعات پاکستان کے سیاسی مفادات پر اپنے سیاسی مفادات کو ترجیح دینے کے ان کے رجحان کی عکاسی کرتے ہیں۔ یہ رویہ دیگر بہت سے پاکستانی سیاست دانوں میں بھی نظر آتا ہے جو اکثر رائے عامہ اور شکست کو قبول نہیں کرتے ہیں اور اپنے وفادار حامیوں کو ذاتی ایجنڈوں کی پیروی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنے مخالفین کو مناسب موقع دینے کی مخالفت کرتے ہیں اور ان میں اپنی باری کا انتظار کرنے کی اخلاقی ہمت کا فقدان ہوتا ہے۔

عمران خان اور کئی دیگر سیاسی رہنما معصوم لوگوں اور اپنے پیروکاروں کو مظاہروں اور احتجاج پر اکسا رہے ہیں جس کا مقصد تشدد اور افراتفری کو بھڑکانا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ ان کے اعمال اور ارادے عوام کو درپیش حقیقی مسائل پر ذاتی فائدے اور سیاسی فائدے کو ترجیح دیتے ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ملک افراتفری کا متحمل نہیں ہوسکتا اور ان افراد کو قانون کے تحت جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے۔

عوام کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ وہ سیاست دانوں کے حقیقی ارادوں کو سمجھیں اور اچھے اور برے رہنماؤں میں تفریق کریں۔ عوام کو یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ کون سے رہنما اور جماعتیں پاکستان کی فلاح و بہبود کے لیے حقیقی طور پر پرعزم ہیں اور کون ذاتی مفادات کو ترجیح دے رہے ہیں۔ ووٹرز کی پختگی ضروری ہے اور لوگوں کو اپنے سیاسی رہنماؤں اور جماعتوں کی اندھا دھند پیروی کرنے میں محتاط رہنا چاہیے۔

موسموں کی انتہا پسندی

تحریر۔۔۔میاں حبیب

عمومی طور پر وطن عزیز میں زیادہ تر موسم گرم رہتا ہے لیکن تین ماہ کی سردی اور ایک دو ماہ کی قابل برداشت گرمی سے خوشگوار احساس ہوتا تھا جھلسا دینے والی گرمی کی تپش سے تنگ لوگ سردیوں کا بڑا بے تابی سے انتظار کرتے تھے لیکن پچھلے چار پانچ سال سے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے قدرت ہم سے روٹھ گئی ہے سردیوں کی ابتدا گرمیوں سے زیادہ تکلیف دہ ہے سردیاں ابھی آئی نہیں لیکن عذاب پہلے آ گیا ہے لگتا ہے موسم بھی ہمارے قومی مزاج کی طرح انتہا پسند ہو چکے ہیں گرمیاں ہیں تو کڑاکے نکال دیتی ہیں لوگ گرمی کی حدت سے بچنے کے لیے اپنا آپ بیچ کر ائیر کنڈیشنڈ لگاتے ہیں بھاری بھاری بجلی کے بل ادا کرتے ہیں جب برسات کا موسم آتا ہے تو وہ سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے اب تو سردیوں کے آغاز سے قبل ہی سموگ نے جینا دوبھر کر رکھا ہے لاہور جسے زندہ دلوں کا شہر کہا جاتا تھا اب ایسے لگتا ہے لاہور سے زندہ بھاگ بلکہ کسی منچلے نے تو لاہور کی بے ادبی کی انتہا کرتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا کہ۔ لاہور کتابوں کا شہر تھا ہم نے کبابوں کا شہر بنا دیا۔ لاہور پڑھائی کا شہر تھا ہم نے کڑاہی کا شہر بنا دیا۔ لاہور صوفیوں کا شہر تھا ہم نے کوفیوں کا شہر بنا دیا۔ لاہور باغوں کا شہر تھا ہم نے بے غیرتوں کا شہر بنا دیا۔۔ ہم اس سے اتفاق نہیں کرتے لیکن لاہور کو دنیا کا نمبرون آلودہ شہر بنانے کے ہم سب ذمہ دار ہیں ہم نے بطور ذمہ دار شہری کے اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں لیکن حکومتوں نے بھی لاہور کے ساتھ بڑا کھلواڑ کیا ہے لاہور کی زرخیز زمین جو کہ سونا اگلتی تھی وہاں بے تحاشہ آبادیاں بنا دیں دریائے راوی کو گندا نالہ بنا دیا اب لاہور اینٹوں بجری اور سیمنٹ سے بنی عمارتوں کنکریٹ کا سمندر دکھائی دیتا ہے لاہور اپنی استعداد سے کئی گنا زیادہ آبادی کا شہر ہے جو ہر گزرتے دن کے ساتھ بارود خانہ بنتا جا رہا ہے یہاں مافیاز کا راج ہے بلڈنگ مافیا پیسے لے کر بلڈنگ بائی لاز کو نظر انداز کر کے تعمیرات کروائے جا رہا ہے عملہ تہہ بازاری پیسے لے کر تجاوزات قائم کروائے جا رہا ہے دھواں چھوڑتی گاڑیوں کو ٹریفک پولیس نے کھلی چھٹی دی ہوئی ہے ٹاؤن پلانر پیسے لے کر دھڑا دھڑ ہاوسنگ سوسائٹیاں قائم کروائی جا رہا ہے ہماری تمام تر پالیسیاں لاہور سے زیادہ سے زیادہ سرمایہ اکھٹا کرنے کی ہیں حقیقی معنوں میں اب یہ شہر رہنے کے قابل نہیں رہا ٹریفک اتنی زیادہ ہے کہ درجنوں فلائی اوور بنانے درجنوں انڈر پاس بنانے اور کئی سڑکوں کو سگنل فری کرنے کے باوجود ٹریفک کنٹرول نہیں ہو پا رہی تجاوزات صفائی کا ناقص انتظام پینے کا آلودہ پانی بوسیدہ سیوریج اور درختوں کے قتل عام کے نتیجے میں آج لاہوریوں کے لیے سانس لینا دشوار ہو چکا ہے لاہور کی ایک تہائی آبادی الرجی کا شکار ہے ڈپریشن ہائپاٹائٹس بلڈ پریشر شوگر معدے اور جگر کی بیماریاں عام ہیں نزلہ کھانسی زکام سر درد کو تو اب بیماری نہیں سمجھا جاتا وہ تو طرز زندگی کی حیثیت اختیار کر چکی ہیں سموگ کی وجہ سے آنکھوں میں جلن گلے میں درد سانس میں دشواری لاہور کا طرہ امتیاز ہے صبح کسی نے کہا تھا کہ لگتا ہے قیامت گزر چکی ہے اور ہم عذابوں کی سزا بھگت رہے ہیں آج جب انسانی بقا کو خطرہ لاحق ہو چکا ہے تو ہم خانہ پری کے لیے دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں پکڑ رہے ہیں فصلوں کی باقیات کو جلانے والوں کو گرفتار کر رہے ہیں لیکن بندہ پوچھے لاہور میں کونسی فصل ہوتی ہے جس کی باقیات کو جلانے سے سموگ میں اضافہ ہو رہا ہے لاہور میں آلودگی کے اسباب کچھ اور ہیں جن پر قابو پانے کے لیے لانگ ٹرم پلاننگ کی ضرورت ہے پلاسٹک کے شاپر بیگ کا بے تحاشہ استعمال کوڑے کو آگ لگانا صفائی کا مناسب انتظام نہ ہونا شہر میں دھواں چھوڑنے والی انڈسٹریز ایئر کنڈیشنڈ کے بہت زیادہ استعمال سے خارج ہونے والی گیسوں کی وجہ سے شہر لاہور عذاب سے گزر رہا ہے سب سے زیادہ تکلیف میں بوڑھے اور بچے ہیں یا ایسے لوگ جن کو سانس کا مسلہ ہے ان کو سانس لینے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے آج کل کے موسم میں ڈاکٹروں اور ادویات کا کاروبار کرنے والوں کی موجیں لگی ہوئی ہیں لاہور میں تو کوئی گھر ایسا نہیں جہاں دوائیاں نہ جاتی ہوں لاہوریے زہر آلود آکسیجن کے سہارے زندہ ہیں خطرناک بات یہ ہے کہ آلود آکسیجن کے ذریعے زہریلے اجزاء پھیپھڑوں میں جاتے ہیں جو کینسر کا باعث بن رہے ہیں ویسے تو لاہور یونیورسٹیوں اور کالجوں کا شہر ہے لیکن کسی بھی یونیورسٹی کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ اس پر تحقیق ہی کروالے کہ لاہور پچھلے کئی سالوں سے کیوں دنیا کا آلودہ ترین شہر بن چکا ہے سموگ پر کس طرح قابو پایا جا سکتا ہے موسمی بیماریوں سے کیسے بچا جا سکتا ہے اس بارے سیمینار ہونے چاہئیں تحقیقی اداروں کو کھوج لگانی چاہیے کہ ہم شہریوں کو صاف ستھری آکسیجن کیسے مہیا کر سکتے ہیں پچھلے سال نگران وزیراعلی محسن نقوی نے مصنوعی بارش کروا کر سموگ کو کم کرنے کی کوشش کی تھی اس پر بھی اچھی خاصی تنقید ہوئی تھی اب وزیراعلی پنجاب مریم نواز بھی مصنوعی بارش بارے سوچ بچار کر رہی ہیں اگر مصنوعی بارش سے سموگ میں کمی ہو سکتی ہے تو ایک سے زیادہ بار مصنوعی بارش برسانے میں بھی کوئی حرج نہیں سڑکوں پر چھڑکاؤ سے بھی ڈسٹ پر قابو پایا جا سکتا ہے مستقبل کی تعمیرات کو ماحول دوست بنایا جا سکتا ہے ہر گھر میں چاہے چند فٹ ہی صحیح گرین ایریا لازمی قرار دیے جائیں اس وقت تک کسی ہاؤسنگ سوسائٹی کو پلاٹ فروخت کرنے کی اجازت دی جائے جب تک وہ اپنا گرین ایریا ڈویلپ نہ کر لے سڑکوں کے کنارے زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں تعلیمی اداروں میں ماحولیات کو لازمی مضمون کے طور پر پڑھایا جائے۔

شوبز SHOWBIZ

فلم ''تھاما'' دیوالی 2025 کے موقع پر سینما گھروں کی زینت بنے گی

آیوشمان کھرانہ اور رشمیکا مندانا ہارر کامیڈی فلم میں ایک ساتھ نظر آئیں گے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے نامور اداکار آیوشمان کھرانہ اور اداکارہ رشمیکا مندانا پروڈکشن کمپنی میڈاک فلمز کی ہارر کامیڈی فلم میں ایک ساتھ جلوہ گر ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مہینوں کی قیاس آرائیوں کے بعد میڈاک فلمز نے باضابطہ طور پر فلم 'تھاما' کا اعلان کردیا جو اس کی ہارر کامیڈی یونیورس میں ایک تازہ اضافہ ہے۔ فلم میں آیوشمان کھرانہ، رشمیکا مندانا، نوازالدین صدیقی اور پریش راول نظر آئیں گے اور یہ دیوالی 2025 کے موقع پر سینما گھروں کی زینت بنے گی۔

چھ ماہ تک آئینے میں اپنا چہرہ نہیں دیکھا، ودیا بالن کا انکشاف

انہیں صرف دو دن کی شوٹنگ کے بعد ایک تامل فلم سے نکال دیا گیا تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ودیا بالن نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے چھ ماہ سے زیادہ عرصے سے اپنا چہرہ آئینے میں نہیں دیکھا تھا کیونکہ فلمساز نے ان کے بارے میں توہین آمیز تبصرے کیے تھے جس کے بعد وہ خود کو بدصورت محسوس کرتی تھیں۔ بھارتی میڈیا آؤٹ لیٹ کو دیے گئے حالیہ انٹرویو میں اداکارہ ودیا بالن نے بتایا کہ کیریئر کی ابتدا میں انہیں جدوجہد سے گزرنا پڑا تھا۔ ودیا بالن نے بتایا کہ انہیں صرف دو دن کی شوٹنگ کے بعد ایک تامل فلم سے نکال دیا گیا تھا اور جب اس نے پروڈیوسر سے وجہ پوچھی تو اس نے معروف اداکار کے بارے میں تضحیک آمیز تبصرے کیے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں اپنے والدین کے ساتھ چنئی میں پروڈیوسر سے ان کے دفتر میں بات کرنے گئی تھی، اس نے ہمیں فلم کے کچھ کلپس دکھائے اور والدین سے کہا کہ 'دیکھو، کسی زاویے سے ہیروئن دکھتی ہے، یہ اداکاری کرنا یا ڈانس کرنا نہیں جانتی۔

کرینہ کپور کا سیاہ جوڑے میں حسن آسمان سے باتیں کرنے لگا

کرینہ کپور ان تصاویر میں مغربی طرز کا سیاہ ونیٹ سے تیار کردہ لباس پہنے نظر آئیں



بھیشیک بچن: بالی ووڈ کی امیر ترین شخصیات میں شامل

ابھیشیک بچن دبئی کے جمیرہ گالف اسٹیٹس میں ایک پرتعیش ولا کے بھی مالک ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کے بے تاج بادشاہ لیجنڈ امیتابھ بچن کے صاحبزادے ابھیشیک بچن نے نہ صرف اپنی اداکارانہ صلاحیتوں سے ایک شاندار کیریئر بنایا ہے بلکہ ان کی کامیابیاں صرف سلور اسکرین تک ہی محدود نہیں ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ابھیشیک بچن بالی ووڈ کا 'بگ بیل' ہے جن کی جائیداد کی مجموعی مالیت 280 کروڑ روپے سے زائد ہے، ابھیشیک کی دولت ان کی فلم اور ویب شو کی آمدنی سے کہیں زیادہ ہے۔ ان کے اثاثوں میں بڑے پیمانے پر ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری، اسپورٹس ٹیموں کی ملکیت اور مختلف کاروباری منصوبے شامل ہیں۔

مجھے محبت پر یقین نہیں، اسکا تصور ہی سمجھ نہیں آیا، اداکارہ صبا حمید

لاہور (انٹرنیوز) معروف اداکارہ صبا حمید نے کہا ہے کہ عام طور سے 16 سے 25 سال کے درمیان 2 افراد ایک دوسرے سے متاثر ہوتے ہیں تو اسے محبت کا نام دے دیتے ہیں لیکن مجھے محبت پر یقین نہیں، آج تک محبت کا تصور ہی سمجھ نہیں آیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا مجھے آج تک محبت کی تعریف سمجھ نہیں آئی، اس لیے محبت پر یقین نہیں ہے۔ انہوں نے کہا ہمارے زمانے میں اگر کسی کو محبت نہیں ملتی تھی تو لگتا تھا کہ مرجانا چاہیے کہ زندگی کا اب کوئی مقصد نہیں رہا جبکہ اس معاملے میں آج کل کے بچے زیادہ سمجھ دار ہیں کہ اگر محبت نہیں ملی تو کوئی بات نہیں آگے بڑھ جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرے خیال میں سب سے زیادہ جس چیز کی اہمیت ہے تو وہ عزت کی ہے۔

اداکارہ ژالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

میں سارا دن گھر پر بیٹھے بیٹھے بور ہوجاتی ہوں کچھ تو بتاؤ کیا کروں

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ژالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ ژالے سرحدی نے ...

فاروق قیصر عرف انکل سرگم کا 79 واں یوم پیدائش منایا گیا

کالم نگار، ڈائریکٹر، کٹھ پتلی ساز، اسکرپٹ رائٹر اور وائس ایکٹر بھی تھے

سپورٹس SPORTS

لاہور۔ پریمیئر سپر کرکٹ لیگ کے گروپ میچ میں ایف بی آر اور سروس انڈسٹریز کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

محمد رضوان اسمارٹ کرکٹر ہیں، شعیب ملک

بطور کپتان ان کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، سابق کپتان

لاہور (اے ایف پی) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے کہا ہے کہ محمد رضوان کے کرکٹ ٹیم کے کپتان بننے پر خوشی ہے، وہ اسمارٹ کرکٹر ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران قومی ٹیم کے وکٹ کیپر محمد رضوان کے کپتان بنائے جانے پر شعیب ملک نے کہا کہ محمد رضوان نے جہاں بھی کپتانی کی کامیاب رہے، امید ہے قومی ٹیم میں بھی وہ کامیاب ہوں گے، ان کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، ناکامی زیادہ سکھاتی اور کامیابی صرف آپ کا دماغ خراب کرتی ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں محمد رضوان کو ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کا کپتان جبکہ آغا سلمان کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

مکسڈ مارشل آرٹس فائٹ، بھارت کو شکست پاکستان نے ٹائٹل جیت لیے

لاہور (اے ایف بی) پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والا انٹرنیشنل مکسڈ مارشل آرٹس فائٹس کا میلہ پاکستانی فائٹرز نے لوٹ لیا۔ فیدر ویٹ کیٹیگری میں پاکستانی فائٹر محموش رضا نے بھارتی فائٹر روی ساکو ہرا کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ ایونٹ کی بینٹم ویٹ کیٹیگری میں پاکستان کے رفیق آفریدی نے بھارت کے پردیپ ہودا کو ہرا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ دیگر فائٹس میں بھی پاکستانی فائٹرز چھائے رہے، پاکستان کے اعجاز احمد نے بھارتی فائٹر انکیت گجر، مجاہد بیگ نے راج ویر کو شکست دی جبکہ پاکستان کے مصعب آصف نے افغانستان کے واحد احمدی کو مات دی۔ انٹرنیشنل مکسڈ مارشل آرٹس فائٹس کے دوران 2 فائٹ افغانستان کے فائٹرز کے نام رہی، افغانستان کے سمیر نصرت اور ایمل صدیقی کامیاب قرار پائے۔

فخر زمان نے پی سی بی کے نوٹس کا جواب دیدیا

مشکلات جلد ختم ہونے کا امکان، پی سی بی کے رویے میں نرمی آئی ہے

لاہور (اے ایف بی) قومی جارح مزاج بیٹر فخر زمان کی مشکلات جلد ختم ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی بیٹر نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جاری شوکاز نوٹس کے جواب میں اپنا موقف واضح کردیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے رویے میں نرمی آئی ہے اور آئندہ چندروز میں فخر زمان کے معاملے پر پیش رفت کا امکان ہے۔ پاکستان وائٹ بال ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے بھی فخر زمان کی ٹیم میں واپسی کے لیے بات کی ہے۔ پی سی بی کی جانب سے فخر زمان کو بابر اعظم کے ٹیم سے ڈراپ کیے جانے کے حوالے سے بیان دینے پر شوکاز دیا گیا تھا۔

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین تیسرا ٹیسٹ میچ آج شروع ہوگا

بھارتی ٹیم پر نیوزی لینڈ کا خوف طاری، وائٹ واش سے بچنے کے لیے انوکھا اقدام

ممبئی (اے ایف بی) بھارت اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری میچ آج (جمعہ سے) وانکھیڈے سٹیڈیم ممبئی میں شروع ہو گا۔ مہمان نیوزی لینڈ کی ٹیم کو میزبان بھارتی ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ نیوزی لینڈ کے ہاتھوں اپنی سرزمین پر وائٹ واش کی ہزیمت سے بچنے کے لیے 35 بولرز کو طلب کرلیا۔ اپنی سرزمین پر 12 سالوں بعد بھارت کو کسی ٹیسٹ سیریز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے، مگر بات یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ نیوزی لینڈ کے خلاف لگاتار 2 ٹیسٹ میچز ہارنے کے بعد اب بھارتی ٹیم اپنی سرزمین پر وائٹ واش کے خطرے سے دوچار ہے۔ ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں روہت شرما کے سرماؤں کو ٹام لیتھم کے 11 کیویز کا ...

ہانگ کانگ سپر سکسز ٹورنامنٹ میں پاک بھارت ٹاکرا آج ہوگا

سپر سکسز ٹورنامنٹ کا آغاز پہلی بار 1993 میں کیا گیا تھا

بابر اعظم کو بتانا ہوگا وہ ویوین رچرڈز ہیں، رمیز راجہ

محمد رضوان کو جو ٹیم دی گئی اس میں میچ ونر بھی نہیں

دورہ آسٹریلیا: قومی کرکٹ ٹیم کا دوسرا گروپ بھی میلبرن پہنچ گیا

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 01 نومبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 01 نومبر 2024، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل، گوالمنڈی، جناح روڈ، موہن پورہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

دھرنا اس وقت تک جاری رہیگا جب تک خان محمد شر اور اس کے فیملی کو پنجاب پولیس بازیاب نہیں کرتے تجنک روڈ بند رہیگا ھم یہ سمجھتی ھیں خان محمد شر جو ایک قلم کے جنگ لڑتا ھے اس طرح گرفتار کر کی ٹارچر سیلوں میں بند کرنا آزاد صحافت پر وار اور نا انصاف ھے آئی جی پنجاب وزیراعلا مریم نواز شریف نوٹس لیکر نجی ٹی وی کے رپورٹر کو آزاد کیا جائے اگر صحافی کو

پی ٹی آئی جیل سے اسلام آباد، لاہور میں انتشار، تشدد کو ہوا دینے پر اکساتے رہے ہیں۔ وزیراعظم کو لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی نے ڈیجیٹل دہشتگردی سے سوشل میڈیا کو انتشار اور بدامنی کو ہوا دینے میں استعمال کیا، عمران خان نے ڈیجیٹل دہشتگردی سے ریاست کو دھمکانے کیلئے سوشل میڈیا کو استعمال کیا۔ خط میں یہ بھی کہا گیا کہ

بقیہ 1

لگانے والی مشین سمیت جدید آلات کسانوں کو فراہم کریں گے، ترقی کی راہ میں (ن) لیگ کا کوئی ثانی نہیں، مخالفین بھی پنجاب کی ترقی کی باتیں کر رہے ہیں، الزامات لگانے والوں کی کارکردگی کچھ نہیں۔ جمعرات کو کالا شاہ کاکو میں کسانوں میں زرعی آلات اور سپر سیڈر کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ کسان میرے دل کے بہت قریب ہیں، پنجاب کی ترقی کا راستہ کھیتوں سے ہو کر گزرتا ہے، صوبائی وزیر زراعت اور سیکرٹری کے کام کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، پنجاب کی زراعت کا شعبہ ایک اہل انسان کے ہاتھ میں ہے، میری زراعت کی ٹیم مجھ سے ایک قدم آگے چل رہی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی میں زراعت کا اہم کردار ہے، اس کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سپر سیڈر کسانوں کیلئے بہت بڑا منصوبہ ہے، سپر سیڈر کھاد، بیج سمیت 4 کام بیک وقت کرتا ہے، اس سے فصلوں کی باقیات جلانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، باقیات جلانے سے ماحول آلودہ اور سموگ پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسانوں میں 300 کے قریب سپر سیڈر تقسیم کر رہے ہیں جبکہ پنجاب بھر کے کسانوں کو 5 ہزار کے قریب سپر سیڈر فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 7 ارب کے سپر سیڈر منصوبے کیلئے پنجاب حکومت 8 لاکھ کی سبسڈی

صفائی خدمات کی آؤٹ سورسنگ آپریشنل ہونے کیلئے تیار

سکولوں میں صفائی کی اہمیت پر آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ، وزیراعلیٰ مریم نواز والدین اور اساتذہ کے نام کھلا خط لکھیں گی

پہلے مرحلے میں لاہور سمیت 150 میں سے 90 تحصیلوں کے اندر آؤٹ سورسنگ کا عمل مکمل ہوگیا؛ وزیر بلدیات ڈینیال رفیق

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اظہار پنجاب پروگرام کے تحت صفائی خدمات کی آؤٹ سورسنگ کا پروگرام آپریشنل ہونے کے لئے تیار ہوگیا ہے۔ ماہ رواں میں لاپتہ کیے جانے والے 4 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رند امراں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان ارباب امجد اور ماجد کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان سے 03 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم فہد کو (بقیہ نمبر 3)

اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا، اشتہاری نے معمولی تنخ کلامی پر اپنے ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے محمد علی اور عثمان کو زخمی کردیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم رمضان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نے معمولی تنخ کلامی پر اپنے ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے محمد علی اور عثمان کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا (بقیہ نمبر 3)

جھمیال پولیس نے زمین تنازعہ پر چچا کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) جھمیال پولیس نے زمین تنازعہ پر چچا کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق جھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زمین کے تنازعہ پر چچا کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم عثمان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری عثمان نے اپنے والد اور دیگر رشتہ داروں کے ہمراہ فائرنگ کر کے چچا کلی فراز کو قتل جبکہ چاچڑاں (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کے کاروباری بیئرے مشن ہائیکو، صدر گیلپ اینڈ کاروباری مشن ڈاکٹر ملک بلال احمد چوہدری، انسٹی ٹیوٹ آف ہائیکو پروفیشنلز کنسٹرکشن اینڈ ریسرچ کا افتتاح کر رہے ہیں

میں میڈیا کے توسط سے علاقہ مکینوں تک پیغام پہنچانا چاہونگا

میرا کوئی بھی اہلکار میرے نام پہ یا کسی بھی طریقہ سے کسی دوکاندار یرغمالی جان سے پیسوں کی ڈیمانڈ کرے تو آپ سید حامد پر پاس آئیں میرے آفس کے دروازے آپ لوگوں کے لئے کھلے ہیں۔ ایس ایچ او نجیب ریاض تھانہ دلے والا ہنگر کا دبنگ اعلان

ظفر (اعوان) شقالی (نمائندہ) میں میڈیا کے توسط سے علاقہ مکینوں تک پیغام پہنچانا چاہونگا۔ میرے نام پہ یا کسی بھی طریقہ سے کسی دوکاندار یرغمالی جان یا کسی بھی فرد سے پیسوں کی ڈیمانڈ کرے تو آپ سید حامد پر پاس آئیں میرے (بقیہ نمبر 3 8)

چوری کی واردات کا ڈراپ سین، گھریلو ملازم ہی چور نکلے

ملزمان سے 13 لاکھ 80 ہزار روپے مالیت کے طلائی کڑے اور نقدی برآمد

راولپنڈی (این این آئی) انکیوری پولیس کی موثر تفتیش، چوری کی واردات کا ڈراپ سین ہو گیا، گھریلو ملازم ہی چور نکلے، ملزمان سے 13 لاکھ 80 ہزار روپے مالیت کے طلائی کڑے اور مسروقہ رقم 70 ہزار روپے برآمد کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انکیوری پولیس کی موثر تفتیش، چوری کی واردات کا ڈراپ سین ہو گیا، گھریلو ملازم ہی چور نکلے، ملزمان سے 13 لاکھ 80 ہزار روپے مالیت کے طلائی کڑے اور مسروقہ رقم 70 ہزار روپے برآمد کرلئے (بقیہ نمبر 3 9)

چین میں امریکی کمپنیاں اپنے عزم میں ثابت قدم ہیں

سی آئی آئی امی نمائش کی بھرپور تیاری جاری رکھیں گے، صدر ایم ہشیم شقالی

شقالی (نمائندہ) شقالی میں امریکی ایوان صنعت کے صدر ایرک ڈینگ نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی عالمی کشیدگی کے باوجود چین میں امریکی کمپنیاں اپنے عزم میں ثابت قدم ہیں۔ چینی منڈی میں کامیابی کے لئے طویل مدتی بنیاد پر کام کیا جائے گی۔ اس ضمن میں وزیر بلدیات ڈینیال رفیق کی زیر صدارت سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کمپنی کے چیف آفیسر نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے (بقیہ نمبر 3 1)

ملک بھر میں انٹرنیٹ کو مکمل طور پر بحال کردیا گیا

ڈیلیو فور سب میرین کیبل سے فالٹ دور کرلیا گیا ہے، پی ٹی اے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے ترجمان نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک بھر میں انٹرنیٹ کو مکمل طور پر بحال کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی اے کے ترجمان نے بیان میں کہا کہ ملک بھر میں انٹرنیٹ کو مکمل طور پر بحال کردیا گیا ہے اور ڈیلیو فور سب میرین کیبل سے فالٹ دور کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے ترجمان (بقیہ نمبر 3 2)

لاہور صوبائی وزراء چوہدری شناخ حسین پرمیشن شگفتہ رادو اور فیصل ایوب کھوکھر انٹرنیشنل میڈیا ٹیسٹیوٹ کے حوالے سے ڈی جی پی آر مس پرمیشن کا نظرثانی کر رہے ہیں

نیپرا نے کراچی میں بجلی کمپنی کے الیکٹرک کو نوازنے کا الزام مسترد کردیا

کے الیکٹرک 58 روپے فی یونٹ بجلی کا خرانہ بند رکھ کر بھی پیسے وصول کر رہا ہے، صارفین

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی میں بجلی کمپنی کے الیکٹرک کو نوازنے کا الزام مسترد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق نیپرا میں کے الیکٹرک صارفین کیلئے ستمبر میں مابعد نیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت میں 16 پیسے کمی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ کے الیکٹرک حکام نے کہا کہ ستمبر میں (بقیہ نمبر 3 5)

پاکستانی عازمین حج کیلئے وزارت مذہبی امور نے صحت پالیسی تیار کرلی

سنگین بیماریوں میں مبتلا افراد کو اس سال حج پر جانے کی اجازت نہیں ہوگی، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے سعودی حکومت کی نئی شرائط کی روشنی میں عازمین حج کیلئے صحت پالیسی تیار کر لی۔ دستاویز کے مطابق کینسر، دل، گردے اور سانس کی سنگین بیماریوں میں مبتلا افراد کو اس سال حج پر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ عازمین کو میڈیکل سرٹیفکیٹ بھی لازمی جمع کرانا ہوگا۔ پالیسی کے تحت ایک ہزار روپے مالیت کے طلائی کڑے اور دیگر زیورات کے ہمراہ فائرنگ کرنے پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 3 6)

پاکستان کی روک تھام کیلئے ڈیٹیکٹر کے الیکٹرک کو نوازنے کا الزام مسترد کردیا

کے الیکٹرک 58 روپے فی یونٹ بجلی کا خرانہ بند رکھ کر بھی پیسے وصول کر رہا ہے، صارفین

پاکستانی عازمین حج کیلئے وزارت مذہبی امور نے صحت پالیسی تیار کرلی

سنگین بیماریوں میں مبتلا افراد کو اس سال حج پر جانے کی اجازت نہیں ہوگی، دستاویز

میں میڈیا کے توسط سے علاقہ مکینوں تک پیغام پہنچانا چاہونگا

میرا کوئی بھی اہلکار میرے نام پہ یا کسی بھی طریقہ سے کسی دوکاندار یرغمالی جان سے پیسوں کی ڈیمانڈ کرے تو آپ سید حامد پر پاس آئیں میرے آفس کے دروازے آپ لوگوں کے لئے کھلے ہیں۔ ایس ایچ او نجیب ریاض تھانہ دلے والا ہنگر کا دبنگ اعلان

چوری کی واردات کا ڈراپ سین، گھریلو ملازم ہی چور نکلے

ملزمان سے 13 لاکھ 80 ہزار روپے مالیت کے طلائی کڑے اور نقدی برآمد

چین میں امریکی کمپنیاں اپنے عزم میں ثابت قدم ہیں

سی آئی آئی امی نمائش کی بھرپور تیاری جاری رکھیں گے، صدر ایم ہشیم شقالی

سی آئی آئی "متاثر کن"، سابق سوئس سفیر

سی آئی آئی امی چین: سوئس اقتصادی تعاون بڑھانے کا اہم پلیٹ فارم ہے

جنیوا (شہوا) چین میں سوئٹزرلینڈ کے سابق سفیر چین نکس ڈی داروال نے کہا ہے کہ چین میں انٹرامی درآمدی نمائش (سی آئی آئی امی) سوئٹزرلینڈ اور چین کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعلقات اور تعاون کو مضبوط بنانے کا ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ سوئس خبر رساں ایجنسی شہوا کو ایک حالیہ انٹرویو میں سابق سفیر اور سوئس سٹزرلینڈ اور چین کے درمیان اقتصادی و تجارتی

ایمان مزاری شوہر سمیت ایک اور مشکل میں پھنس گئیں، نیا مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) ایڈووکیٹ ایمان مزاری شوہر سمیت ایک اور مشکل میں پھنس گئیں، پولیس نے ایمان مزاری اور ان کے شوہر کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی کے خلاف مقدمہ سائبر کرائم یونٹ اسلام آباد پولیس کے اہلکار کی مدعیت میں قائداعظم آباد میں درج کیا گیا، مقدمہ تفتیش کے دوران ہادی علی کے انکشافات اور انہی لوگوں کے استعمال پر درج کیا گیا۔ مقدمہ کے متن میں لکھا گیا کہ نے پولیس اہلکار پر کئی لوگوں سے حملہ کیا، پولیس نے ہادی علی کی گاڑی سے آتشی مکا برآمد کیا اور بطور ثبوت اپنے پاس رکھا، ملزم نے انہی کی گاڑی کی سیٹ کے نیچے چھپا دیا تھا۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے فریک ماڈلوں کی ملکیت میں دونوں میاں بیوی کے (بقیہ نمبر 4 1)

عوامی جمہوریہ کوریا کا بیلسٹک میزائل کا کامیاب تجربہ

جوہری افواج کی پیشرفت سے متعلق کوئی پالیسی تبدیل نہیں کریگا، اعلان

سیول (شہوا) عوامی جمہوریہ کوریا نے چین الیرا عظمیٰ بلاسٹک میزائل کا تجربہ کیا ہے جس کی ملک کے اعلیٰ رہنما نے نگرانی کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ عوامی جمہوریہ کوریا جوہری افواج کی پیشرفت سے متعلق کوئی پالیسی تبدیل نہیں کرے گا۔ کورین سینٹرل نیوز ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق ہمسرات کی سمع عوامی جمہوریہ کوریا کی ورکرز پارٹی کے جنرل سیکرٹری اور ریاستی امور کے صدر کم جونگ ان نے تجربانی مقام کے جائزے کے موقع پر کہا کہ یہ تجربہ ایک جوابی کارروائی کی (بقیہ نمبر 4 8)

منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 4 ملزمان گرفتار

5 کلو سے زائد چرس برآمد، کارروائیاں جاری رہیں گی، حکام

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 ملزمان گرفتار کر کے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم دلشاد سے 01 کلو 455 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ملزم کو پرچی سے 01 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، ریس کورس پولیس نے ملزم کاشف سے 01 کلو 220 گرام چرس برآمد کی، بگیلہ پولیس نے ملزم ظہیر سے 01 کلو 90 (بقیہ نمبر 4 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

رائے وٹ: ریلوے اسٹیشن پر استقبالیہ کیمپ میں مینٹی انجمن میں شرکت کے لئے آنے والے غیر ملکی مہمانوں کھانا کھا رہے ہیں

کندہ کوٹ نجی ٹی وی کے رپورٹر خان محمد شر کی گرفتاری

کشمور کے صحافیوں نے اڈیٹس ہائی وے پر دھرنے کا اعلان کردیا

کندہ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندہ کوٹ کرشنہ ایک حلقے سے نجی ٹی وی کے رپورٹر خان محمد شر اعلیٰ ماں اور بچوں سمیت رحیم یار خان پولیس کشمور سے اغوا کر کر لے گئے مقامی صحافیوں نے تھیں مرچہ دھرنا دیا ایس ایس کشمور کے بار بار یقین دھانی کے باوجود تاحال اب تک صحافی خان محمد شر کچھ سمیت بازیاب نہ ہوسکا کل بروز جمع کشمور کے (بقیہ نمبر 4 3)

ریلوے روڈ کے تاجر قیادت سے محرم، تاجروں کا احتجاج

مرکزی انجمن تاجران کی سینئر قیادت بھی نظر انداز کرتے آرہے ہیں

کوٹرخان (قرشمبر) ریلوے روڈ کے تاجر قیادت سے محرم، مرکزی انجمن تاجران کی سینئر قیادت بھی نظر انداز کرتے آرہے ہیں، تاجروں کا شدید احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق کوٹرخان ریلوے روڈ کے تاجروں یونس خان، مرزا امرحن، مرزا ارحم، مرزا شکیل، محمد یوسف، منصور احمد، محمد اسلام، مرزا شکیل، محمد علی، اسد اللہ خان، عبداللہ، راجہ اسماعیل، محمد ارشد، شیخ محمود، مرزا عامر، شیخ باؤ، عدنان قریشی، صابر قریشی، محمد فیاض، محمد ہارون، محمد دانش، پروفیسر یوسف (بقیہ نمبر 4 4)

وزیر تعلیمی امور پنجاب بیعش شگفتہ رادو، دیوالی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حادثات کی روک تھام کیلئے روڈ سیفٹی اتھارٹی بنانے کا فیصلہ

اتھارٹی روڈ سیفٹی کے حوالے سے تجاویز حکومت کو پیش کریگی

ڈرائیورز ٹریننگ، سیفٹی اور لائسنسنگ کو بھی اتھارٹی ریگولیٹ کریگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں حادثات کی روک تھام کے لیے روڈ سیفٹی اتھارٹی بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ روڈ سیفٹی اتھارٹی کے قیام کے لیے سمری کابینہ کو ارسال کردی گئی، اتھارٹی روڈ سیفٹی کے حوالے سے تجاویز حکومت کو پیش کریگی، ڈرائیورز ٹریننگ، سیفٹی اور لائسنسنگ کو بھی اتھارٹی ریگولیٹ کرے گی، اتھارٹی گاڑیوں کی سیفٹی اور ہیوی ٹریفک سٹینڈرڈز کو ریگولیٹ کرے گی۔ اتھارٹی ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کے قواعد وضوابط طے کرے گی، روڈ سیفٹی اتھارٹی روڈز کی ڈیزائننگ میں روڈ سیفٹی کے معیار کو جانچے گی، اتھارٹی روڈ سیفٹی ڈیٹا کو اکٹھا کرنے اور بنانے کی پابند ہوگی، روڈ سیفٹی اتھارٹی روڈ سیفٹی آڈٹ و انسپکشن کی مانیٹرنگ کرے گی۔ اتھارٹی روڈ سیفٹی کے حوالے سے پبلک آگاہی مہم کو بنانے اور (بقیہ نمبر 4 5)

چینی وزیر خارجہ کے فن لینڈ کی ہم منصب سے مذاکرات

یورپی یونین تجارتی معاملات کو سیاسی رنگ دینے سے گریز کرے، فن لینڈ

بیجنگ (شہوا) بیجنگ کے وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہے کہ بیجنگ امید رکھتا ہے کہ فن لینڈ یورپی یونین پر زور دے گا کہ وہ اقتصادی اور تجارتی معاملات کو سیاسی رنگ دینے سے گریز کرے، مذاکرات اور مشاورت کے ذریعے اختلافات حل کرے اور بیجنگ کے مفادات کو مجموعی مسوعتحال کا دفاع کرے۔ بیجنگ وزیر خارجہ کو سیکیورٹی پارٹی آف چائنہ (سی پی سی) کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن وانگ ای نے فن لینڈ کی وزیر (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق مقامی ہوٹل میں پی پی ایس کے 57 ویں کا ووکیشن کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

بشریٰ بی بی اور وکلاء صفائی کی عدم موجودگی پر عدالت کا ہمی کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور وکلاء صفائی کی عدم موجودگی پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ طریقہ رہا تو خود کے خانت منوع کے کیس کے دارنت گرفتاری دوبارہ جاری کیے جاسکتے ہیں۔ تھرات کو بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت اڈیالہ جیل میں احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے کی۔ بانی پی ٹی آئی پیش کیا گیا جبکہ بشریٰ بی بی اور ان (بقیہ نمبر 55)

خواتین ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، ملک ابرار

راولپنڈی (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی اور مسلم لیگ ن راولپنڈی کے ضلعی صدر ملک ابرار احمد نے راولپنڈی میں دو من جیمبر آف کامرس کے اعزازی ڈنر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ حکومت چاہتی ہے کہ ملک کی ترقی کیلئے خواتین بڑھ چڑھ کر کردار ادا کریں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں خواتین کی طاقت و ہمہ کیلئے متعدد منصوبوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 57)

چین۔زمبابوے تجارت میں 25.6 فیصد اضافہ

زمبابوے نے 2 ارب 10 کروڑ امریکی ڈالر مالیت کا سامان چین برآمد کیا

ہرارے (شہوا) زمبابوے اور چین کے درمیان تجارت رواں سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران 25.6 فیصد اضافے کے ساتھ 3 ارب 95 کروڑ امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ زمبابوے میں چینی سفارتخانے نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر کہا کہ زمبابوے نے 2 ارب 10 کروڑ امریکی ڈالر مالیت کا سامان چین برآمد کیا اور واپس سے درآمد کیا۔ اس طرح تجارتی توازن تقریباً ایک ارب امریکی ڈالر (بقیہ نمبر 4 7)

لاہور: غازی صلاح الدین شہید کے سالانہ عرس کے موقع پر ڈاکٹر حزار یہ قانونخوانی کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب نے 2 پولیس افسران کے تبادلے کردیے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر طاہر انور نے دو پولیس افسران کے تبادلوں کے احکامات جاری کردیے۔ محمد افتخار محمود کو ڈی ایس پی شاہدرہ، مرگودھا تعینات اور غازی قیصر عباس کو ڈی ایس پی ٹوبہ ٹیک سنگھ مرگودھا تعینات کردیا گیا۔ دونوں ڈی ایس پیز کو فوری اپنی اپنی تعیناتی پر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

لاہور میں 3 جعلی پراس کنٹرول مجسٹریٹس گرفتار

لاہور (این این آئی) ڈویژنل پنجاب کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ لاہور کرائم فورشوں اور کریک ہاؤسز کے خلاف ان ایکشن شاہد باغ کے علاقے میں تین جعلی پراس کنٹرول مجسٹریٹ گرفتار کر لیے گئے۔ ملزمان عارف، اسحاق اور عاطف کی نگرانوں نے نشاندہی کی جو کہ بعاں روڈ پر دکانداروں کو ہراساں کرتے رہتے تھے، پکڑے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر اوی زون طارق شہزاد موقع پر پہنچے۔ چاچ پڑتال کے بعد جعلی پراس کنٹرول مجسٹریٹس کے حوالے پولیس کر ڈی جعلی مجسٹریٹس پر دفعہ 419 کے تحت ایف آئی آر درج، تین جعلی مجسٹریٹس کو گرفتار کرکے بعد حوالات منتقل کردیا گیا۔

صدر آصف علی زرداری نجی دورے پر دبئی روانہ

سید یوسف رضا گیلانی نے قائم مقام صدر کا عہدہ سنبھال لیا

اسلام آباد (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نجی دورے پر دبئی روانہ چلے گئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری دبئی میں 2 روز قیام کریں گے۔ صدر مملکت کی عدم موجودگی میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے قائم مقام صدر کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ یوسف رضا گیلانی صدر مملکت کی وطن واپسی تک ان کی ذمے داریاں نبھائیں (بقیہ نمبر 5 1)

پوری قوم فتح الخوارج کے خلاف اپنی فورسز کے ساتھ ہے

صدر مملکت کا جام شہادت نوش کرنیوالے جوانوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خوں میں خوارج دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں جام شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے میجر عاطف ظیل، نائیک ذاکر اللہ اور لانس نائیک غضنفر عباس کو قوم کی جانب سے سلام پیش کیا۔ (بقیہ نمبر 5 2)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی تجاوزات کیخلاف کارروائی

5 فٹ سامان ضبط، کارروائی ڈھوک سیداں، پنج پھاڑہ، پلیٹلز کالونی، مصریال روڈ، بائیس نمبر چونگی، چوہڑ و دیگر علاقوں میں کی گئی

آئندہ کسی قسم کی تجاوزات قائم نہ کی جائیں ورنہ نتائج بھگتنے کے لئے تیار رہیں، تجاوزات مافیا کو وارننگ جاری

راولپنڈی (عبدالرحمان ے) کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کے شعبہ انسداد تجاوزات نے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی، اس دوران پانچ ٹرک سامان قبضے میں لے لیا، گزشتہ روز شعبہ انسداد تجاوزات نے عملے نے چیف آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ڈھوک سیداں، پنج پھاڑہ، پلیٹز کالونی، مصریال روڈ، بائیس نمبر چونگی، چوہڑ و دیگر علاقوں میں ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا باعث بننے والی تمام تجاوزات کا خاتمہ کیا اور ان مقامات سے پانچ ٹرک سامان قبضے میں لیکر سٹور میں جمع (بقیہ نمبر 5 3)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا سی ایس پی کے 57 ویں کانووکیشن میں پروفیسر خالد مسعود گندل، پروفیسر شیب شیخ اور پرنسپلز ہولڈر طالبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد، اے آئی جی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سنیں، متعلقہ افسران کو مسائل حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اے آئی جی انوسٹی گیشن و شکایات اسلام آباد نے کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سنی اور متعلقہ افسران کو فوری استوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 5 4)

افسران جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کریں، آئی جی اسلام آباد

ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی سخت سرزنش کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد اور سیف کے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر سید مصطفیٰ تنویر، ڈی جی سیف شاکر حسین داؤد سمیت (بقیہ نمبر 5 6)

مکمل تاج آف آرٹ کی طالبات کا ریسیڈنٹ فرینڈ کمپنی ٹیوٹ میں کھڑی پرتگالین کی تیاری کامل دیکھ رہی ہیں

تھانوں میں کرایہ داری اور ملازمین کے اندراج کا ریکارڈ مرتب کریں

سی پی او سید خالد کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کینٹ، گوجر خان سرکل کے افسران کا اجلاس، کارکردگی کا جائزہ لیا

سنگین مقدمات میں ملزمان کی گرفتاری اور سزا دلانے کیلئے تمام اقدامات اٹھائے جائیں، سی پی او کی ہدایت

موٹر سائیکل سوار ملزمان، پولیس کے درمیان مقابلہ

ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل، منشیات، اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی ٹالہ گنگ کے پولیس کے درمیان مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، 1500 گرام چرس اور ٹیکل برآمد کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی ٹالہ گنگ کے افسران نے ناکہ بندی کی تھی کہ ایک موٹر سائیکل پر دو افراد آتے دکھائی دیئے جو کہ تھانہ سٹی ٹالہ گنگ کے قریب پولیس پارٹی سٹپ چیکنگ کی غرض سے رکنے کا اشارہ کیا تو موٹر سائیکل سوار ملزمان نے موٹر سائیکل موڑ کر فرار ہونے کی کوشش کی تو پولیس نے ان کا پیچھا کیا تو ملزمان نے فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ ایک فرار ہو گیا، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، فرار ملزم کی تلاش کے لئے سرچ کی گئی، زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی (بقیہ نمبر 5 8)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035